## 11349 ـ سودی بنك میں ملازمت كی پیشكش

**سوال**

میں كمپیوٹر پروگرام كمپنی میں كام كرتا ہوں، ان آخری ایام میں كمپنی نے مجھے كام كے سلسلے میں ایك برس كے لیے xxx جانے كی پیشكش كی ہے، اور میں نے وہاں جانے كی تیاری بھی شروع كر دی ہے، لیكن كچھ ایام كے بعد مجھے كہا گیا میں xxx بنك میں كام كرونگا، مجھے علم ہے كہ سودی لین دین كرنے والے اداروں مثلا بنك میں كام كرنا حرام ہے.
ان میں سے ایك شخص نے مجھے بتایا كہ كچھ بنك ایسے بھی ہیں جو xxx میں اسلامی طریقہ سے اپنی خدمات پیش كرتے ہیں، لیكن میرے پاس بنك كے بارہ میں معلومات نہیں، میں نے كچھ جگہوں میں بعض سوالات پیش كیے لیكن مجھے ان كا جواب موصول نہیں ہوا.
میری آپ سے گزارش ہے كہ آپ یہ بتائیں كہ آیا میرے لیے xxx بنك میں كام كرنا جائز ہے كہ نہیں ؟ كیونكہ ممكن ہے یہ بنك سودی لین دین كرتا ہو، اور اگر میں ان كے لیے كام كروں تو اس میں معاون بنوں گا ؟

**پسندیدہ جواب**

الحمد للہ.

جی ہاں، معاملہ بالكل ایسا ہی جیسا آپ نے ذكر كیا ہے، مذكورہ بنك سودی لین دین كرتا ہے.

ہماری آپ كو نصیحت یہی ہے كہ آپ اس میں كام كرنے سے اجتناب كریں اور دور ہی رہیں.

اللہ تعالی سے ہماری دعا ہے كہ وہ آپ كو توفیق عطا فرمائے، اور ہمیں اپنے دین پر ثابت قدمی دے.

واللہ اعلم .